اشرفیہ لاہور تشریف لے آئے اور تادم وفات یہاں بڑے درجات خصوصاً دورہ حدیث شریف کے اسباق پڑھاتے رہے۔حضرت مولانا عبیداللہ اشرفی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد آپ ہی کو جامعہ اشرفیہ کا شیخ الحدیث بنایا گیا۔

آپ مشائخ چشت میں بڑا نام رکھتے تھے۔حضرت مولانا مفتی محمد حسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے اجل خلفاء میں سے تھے،آپ کو حضرت شاہ مسیح اللہ خاں صاحب رحمہ اللہ اور حضرت حاجی محمد شریف صاحب رحمہ اللہ سے بھی خلافت حاصل تھی ۔اس وقت حکیم الامت حضرت تھانوی رحمہ اللہ کے سلسلہ کی آبرو تھے ۔آپ نے بیک وقت مسند درس وتدریس اور دعوت وارشاد کو رونق بخشی،آپ کے ہزاروں شاگرد ہوئے اور ہزاروں افراد نے آپ سے تزکیہ وسلوک کے لیے تعلق قائم کیا۔لاہور میں آپ کا قائم کردہ مدرسہ ''جامعہ عبداللہ بن عمر'' اس وقت تعلیمی لحاظ سے ممتاز ادارے کی حیثیت رکھتا ہے۔اسی طرح آپ کی سرپرستی میں شائع ہونے والا دینی پرچہ ''علم وعمل'' اپنی ترتیب وتسوید اور مشمولات کے اعتبار سے مقبول خاص وعام ہے۔

آپ کی وفات نفس مطمئنہ کی آئینہ دار تھی،تہجد کے مبارک وقت میں آپ نے اپنی جان جان آفریں کو سپرد کی،اور بعد از وفات آپ کی قبر کی مٹی سے پھوٹنے والی الہیلی خوشبو نے آپ کے مقبول بارگاہ الٰہی ہونے پر مہر تصدیق ثبت کردی۔افسوس یہ ہے کہ دنیا تیزی کے ساتھ علماء وصلحاءِ امت سے خالی ہورہی ہے۔امت ان ہاتھوں سے محروم ہورہی ہے جو بارگاہ الٰہی میں اٹھتے تھے تو خالی نہیں لوٹتے تھے۔

انہی دنوں مرکزی دفتر وفاق المدارس ملتان کے محاسب جناب چودھری محمد ریاض صاحب زیدمجدہم کی والدہ ماجدہ انتقال کرگئیں......اناللہ وانا الیہ راجعون۔مرحومہ نے کافی طویل عمر پائی،صوم وصلوٰۃ اور دینی احکام کی پابند تھیں۔گذشتہ چندماہ سے علیل تھیں اور گاؤں سے آکر اپنے صاحبزادے جناب چودھری ریاض صاحب کے ہاں مقیم تھیں،علاج معالجہ چل رہا تھا۔9 اپریل 2018ء کو دن ساڑھے بارہ بجے انتقال ہوا،بعد العصر نماز جنازہ ہوئی۔یہ بھی مرحومہ کی نیک بختی ہے کہ مسنون طریقے سے جلد نماز جنازہ ادا کرکے تدفین کی گئی۔آخری چند ماہ خدمت کی سعادت بھی چودھری ریاض صاحب کو رہی۔ادارہ وفاق المدارس العربیہ کے تمام اکابر اور کارکنان مرحومین کے لواحقین سے تعزیت مسنونہ کرتے ہیں،اور دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کی اور تمام مرحومین مغفرت فرمائے اور جنت کے اعلیٰ ترین مقامات عطا فرمائے......اللھم اغفرلھم وارحمھم وعافھم واعف عنھم ووسع مدخلھم واکرم نزلھم وابدل دارھم خیرا من دارھم واھلھم خیرامن اھلھم واسکنھم الفردوس الاعلیٰ......اللھم لاتحرمنا اجرھم ولاتفتنابعدھم ......آمین یارب العالمین